# ترجمان اسلام آباد کیپیٹل پولیس

پبلک ریلیشن برانچ اسلام آباد کیپیٹل پولیس کی خصوصی اشاعت

Islamabadpolice.gov.pk | سوموار 01 اپریل 2024 | Islamabad Police


## ٹیکنالوجی

| | |
|---|---|
| کرایہ دار کا اندراج | 54868 |
| ملازمین کا اندراج | 52430 |
| گاڑیوں کی تصدیق | 20617 |
| گمشدگی / برآمد | 08 |
| جنرل ویریفکیشن | 94161 |

## کرائم

| | |
|---|---|
| کل مقدمات | 53 |
| گرفتار ملزمان | 43 |
| یکسو چالان | 65 |
| سٹاپ اینڈ سرچ | 2374 |
| اشتہاری مجرمان وعدالتی مفروران | 04 |

## ٹریفک

| | |
|---|---|
| جرمانے کے چالان | 2430 |
| سنگین خلاف ورزی | 1727 |
| مہلک حادثات | ---- |
| ڈرائیونگ لائسنس | ---- |
| لرننگ پرمٹ | ---- |

## پکار-15



| | |
|---|---|
| ایمرجنسی کال | 3493 |
| بوگس کال | 3032 |
| ایمرجنسی رسپانس | 222 |
| کم سے کم رسپانس ٹائم | 02 منٹ |
| زیادہ سے زیادہ رسپانس ٹائم | 26 منٹ |

## سی پی او/ڈی آئی جی آپریشنز اسلام آباد کی زیر صدارت کرائم کی صورت حال کے حوالے سے اہم اجلاس





سی پی او/ڈی آئی جی آپریشنز سید شہزاد ندیم بخاری کی زیر صدارت کرائم کی صورتحال کا جائزہ لینے کے لئے اہم اجلاس منعقد ہوا، اجلاس میں اے آئی جیز، ایس ایس پیز، زونل ڈی پی اوز، ایس ڈی پی اوز اور تمام افسران مہتمم تھانہ جات نے شرکت کی، اجلاس میں تمام تھانہ جات کی کارکردگی کا جائزہ لیا گیا، اس موقع پر انہوں نے افسران کو ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ کرائم میں اضافہ پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا، انہوں نے تمام افسران کو کارکردگی بہتر کرنے کیلئے دو دن کا وقت دیا ہے، دو دن بعد دوبارہ اجلاس ہوگا اور ناقص کارکردگی پر سزائیں ہوں گی، ڈولفن اسکواڈ، موبائل پٹرولنگ و ناکہ جات ڈی پی آوز کے ماتحت ہوں گے، رشوت، بدعنوانی اور شہریوں سے بدسلوکی پر سخت کارروائی ہوگی، پہلے سے موجود کرپشن کی شکایات پر بھی کارروائی ہوگی، کرپشن، بدعنوانی اور نامناسب رویہ کی شکایات کے لیے وٹس ایپ نمبر جاری کردیا گیا ہے، شہریوں کی شکایات کو براہ راست وصول کرکے ان پر ایکشن لیا جائے گا، بدعنوانی اور اختیارات سے تجاوز قطعی برداشت نہیں کیا جائے گا، شہریوں کے جان ومال اور عزت نفس کا تحفظ مقدم ہے، تمام ایس ایچ اوز اپنے تھانہ جات میں موجود رہیں گے، ہفتہ وار کرائم کا جائزہ اجلاس ہوگا ناقص کارکردگی پر سزائیں ہوں گی، انہوں نے مزید کہا کہ پتنگ بازی، ہوائی فائرنگ، ون ویلنگ کرنے والے اور ان موٹر سائیکل کو تیار کرنے والے مکینکس کے خلاف سخت کارروائی عمل میں لائی جائے اور ان کا ریکارڈ چیک کیا جائے، جرائم کے انسداد کے لیے منظم اور متحرک گروہ کے خلاف موثر و مربوط حکمت عملی کے تحت کارروائی کریں، گرفتار گروہوں کے ساتھیوں اور سہولت کاروں کو بھی گرفتار کیا جائے، موٹر سائیکل و کار چوری کے مقدمات میں ملوث ملزمان کی گرفتاری اور برآمدگی کو یقینی بنائیں، جرائم پیشہ عناصر کی بیخ کنی کے لیے تمام تر وسائل بروئے کار لائے جائیں، سنگین مقدمات میں ملوث ملزمان اور مجرمان کی گرفتاری کو بھی یقینی بنائیں، منشیات فروشی کے خاتمہ پر خصوصی توجہ دیں خصوصا تعلیمی اداروں میں منشیات فروشی کی بیخ کنی کی جائے اور جرائم پیشہ عناصر کے گرد گھیرا تنگ کرتے ہوئے جرائم کی بیخ کنی کیلئے جامع حکمت عملی بنانے کے احکامات جاری کئے، پیشہ ور بھکاریوں اور ان کے سہولت کاروں کو گرفتار کرکے انکے خلاف مقدمات کا اندراج کریں، زیر تفتیش مقدمات کے چالان جلد از جلد یکسو کرکے مجاز عدالتوں میں بھجوائے جائیں، مقدمات کی تفتیش میں بہتری لائی جائے، تمام افسران اپنے نظم وضبط کو مثالی بنائیں، انہوں نے تمام ایس ڈی پی اوز کو ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ گشت کو مزید موثر اور بامقصد بنائیں، شہریوں کی جان ومال کا تحفظ اولین ترجیح ہے، اس میں کسی قسم کی غفلت ہرگز برداشت نہیں کی جائے گی۔

## ایس پی چوہدری عابد حسین کے اعزاز میں ٹریفک ہیڈ کوارٹر فیض آباد میں الوداعی تقریب






اسلام آباد کیپیٹل پولیس سے ریٹائرڈ ہونے والے ایس پی چوہدری عابد حسین کے اعزاز میں ٹریفک ہیڈ کوارٹر فیض آباد میں الوداعی تقریب منعقد کی گئی، تقریب میں سی پی او سیف سٹی / ٹریفک شعیب خرم جانباز اور چیف ٹریفک آفیسر اسلام آباد سرفراز ورک نے بطور مہمان خصوصی شرکت کی، اس موقع پر سینئر پولیس افسران و جوان بھی موجود تھے، سی پی او سیف سٹی / ٹریفک نے نیک خواہشات کا پیغام دیا اور ریٹائرڈ ہونے والے ایس پی چوہدری عابد حسین کی محکمہ پولیس کے لئے کی گئی خدمات کو سراہتے ہوئے کہا کہ ریٹائرمنٹ سروس کا حصہ ہے، جس نے سروس شروع کی وہ ایک دن ریٹائر بھی ہوگا، آپ نے ایک لمبا عرصہ محکمہ پولیس کی خدمت کی اب محکمے کو آپ کی خدمت کرنے کی ضرورت ہے، دوران سروس ہم سب کی کوشش ہونی چاہیے کہ کچھ ایسے کارنامے انجام دیئے جائیں، جس سے آپ کا نام روشن ہو اور آپ کے کردار کو اچھے الفاظ میں یاد رکھا جائے ہمیں اس بات کا عہد کرنا چاہیے کہ سروس کے دوران زیادہ سے زیادہ عوامی خدمت کرکے اللہ تعالیٰ کی خوشنودی حاصل کی جائے، انہوں نے مزید کہا کہ ریٹائرڈ ہونے والے آفیسر نے اپنا زندگی کا قیمتی حصہ محکمہ پولیس میں گزار کر عوام کی خدمت کی اس کے بدلے محکمہ پولیس نے بھی آپ کو عزت، وقار اور ایک مقام دیا جس پر آپ کو اللہ کا شکر گزار ہونا چاہیے، انھوں نے مزید کہا کہ آپ کو کوئی بھی نجی و سرکاری مسئلہ درپیش ہو تو میرے دفتر کے دروازے ہر وقت آپ کیلئے کھلے ہیں، آخر میں مہمان خصوصی نے ریٹائرڈ ہونے والے آفیسر کی خدمات کو سراہتے ہوئے اعزازی پولیس شیلڈ پیش کی اور ان کے لئے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔

## اسلام آباد کیپیٹل پولیس ڈولفن کا وفاقی دارلحکومت اسلام آباد میں جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کارروائیاں جاری

گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران ڈولفن نے جرائم پیشہ عناصر کے خلاف موثر اور خصوصی تلاشی کے دوران 02 ہزار 374 مشکوک افراد، موٹر سائیکل سواروں او رگاڑیو ں کی جانچ کی، جبکہ 10 مشکوک اشخاص اور 59 موٹر سائیکلوں کو مختلف تھانہ جات میں جانچ پڑتال کیلئے منتقل کیا گیا۔ اسلام آباد کیپیٹل سٹی پولیس آفیسر کے خصوصی احکامات پر اسلام آباد کیپیٹل پولیس ڈولفن سکواڈ وفاقی دارلحکومت اسلام آباد میں کسی بھی ایمرجنسی کی صورت میں اول دستے کے طور پر کام کرتے ہوئے جرائم پیشہ عناصر کیخلاف کلیدی کردار ادا کر رہا ہے، گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران ڈولفن سکواڈ نے جرائم پیشہ عناصر کے خلاف بھر پور موثر اور خصوصی تلاشی کے دوران کل 02 ہزار 374 مشکوک افراد، موٹر سائیکل سواروں اور گاڑیوں کی جانچ کی، جن میں 643 مشکوک افراد اور 1731 موٹر سائیکل شامل ہیں، جبکہ 10 مشکوک اشخاص اور اصل دستاویزات نہ ہونے پر 59 موٹر سائیکلوں کو مختلف تھانہ جات میں جانچ پڑتال کیلئے منتقل کیا گیا، اسلام آباد کے مختلف زونز میں دوران ڈیوٹی ڈولفن نے پٹرولنگ کے دوران کالے شیشے والی گاڑیوں کے خلاف بھی قانونی کارروائی عمل میں لائی، تمام زونل افسران کو ہدایات جاری کی گئی ہیں کہ وفاقی دارلحکومت اسلام آباد میں جرائم پیشہ عناصر کیخلاف جاری قانونی کارروائیوں کو مزید تیز اور موثر بنایا جائے، شہریوں کے جان ومال کا تحفظ اسلام آباد کیپیٹل پولیس کی اولین ترجیحات میں شامل ہے، کسی بھی عناصر کو شہریوں کے امن میں خلل ڈالنے کی اجازت نہیں دی جائے، افسران جرائم پیشہ عناصر کیخلاف جامع حکمت عملی اپناتے ہوئے انکے سدباب کو یقینی بنائیں، اس سلسلے میں کسی بھی قسم کی کوتاہی ہرگز برداشت نہیں کی جائے گی۔



# ڈی آئی جی آپریشنز کا سی آئی اے، انوسٹی گیشن ونگ اور تھانہ کھنہ کا دورہ

**دورے کے دوران سی آئی اے، انوسٹی گیشن، اے وی ایل سی کی کارکردگی کا جائزہ لیا، روزنامچہ، فرنٹ ڈیسک، ریکارڈ روم، حوالات، تفتیشی افسران کے کمرے، کوت اور رہائشی کمروں کا معائنہ کیا، ناقص کارکردگی پر افسر مہتمم تھانہ کھنہ کو معطل کر دیا۔**









سی پی او/ ڈی آئی جی آپریشنز سید شہزاد ندیم بخاری نے سی آئی اے، انوسٹی گیشن ونگ اور تھانہ کھنہ کا دورہ کیا، ناقص کارکردگی پر افسر مہتمم تھانہ کو معطل کر دیا، دورے کے دوران سی آئی اے، انوسٹی گیشن، اے وی ایل سی کی کارکردگی کا جائزہ لیا اور روزنامچہ، ریکارڈ روم، فرنٹ ڈیسک، حوالات، تفتیشی افسران کے کمرے اور رہائشی بیرکس کا معائنہ کیا اور افسران کو ہدایات جاری کی کہ تھانہ جات میں آنے والے شہریوں کے مسائل کے حل کیلئے تمام دستیاب وسائل کو بروئے کار لایا جائے، شہریوں سے غیر مناسب رویہ کسی صورت برداشت نہیں کیا جائے گا، سنگین جرائم کی روک تھام، ملزمان کی گرفتاری اور مال مسروقہ کی برآمدگی کے لئے فی الفور ٹھوس اقدامات کئے جائیں اور کار چوری کے سد باب اور چوری شدہ گاڑیوں کی برآمدگی کے لئے کوششیں تیز کی جائیں، انہوں نے مزید کہا کہ شہریوں کو ریلیف فراہم کرنے میں کوئی کسر نہیں چھوڑی جائے گی، انوسٹی گیشن ونگ میں بہترین، پیشہ ور افسران تعینات کئے جائیں گے، شہریوں کی جان و مال کا تحفظ اسلام آباد کیپیٹل کی اولین ترجیحات میں شامل ہے۔

# تھانہ شہزاد ٹاؤن پولیس نے موٹر سائیکل چوری کی متعدد وارداتوں میں مطلوب منظم گروہ کے دو ارکان کو گرفتار کرلیا

**فتار ملزمان کے قبضہ لاکھوں روپے مالیت کے 04 مسروقہ موٹر سائیکل اور سپیئر پارٹس برآمد کر لیے گئے، گرفتار ملزمان کے خلاف مقدمہ درج، مزید تفتیش جاری ہے**




اسلام آباد کیپیٹل پولیس کا وفاقی دارلحکومت میں جرائم پیشہ عناصر اور موٹر سائیکل چوری کی وارداتوں میں ملوث ملزمان کیخلاف بلا تفریق کارروائیوں کا سلسلہ جاری ہے، اس سلسلے میں تھانہ شہزاد ٹاون پولیس نے موثر کارروائی کرتے ہوئے موٹر سائیکل چوری کی متعدد وارداتوں میں ملوث منظم گروہ کے دو ارکان کو گرفتار کرلیا، گرفتار ملزمان کے قبضہ سے لاکھوں روپے مالیت کے چار مسروقہ موٹر سائیکل اور سپیئر پارٹس برآمد کر لیے گئے، ملزمان کی شناخت امجد اور عبد الجبار کے ناموں سے ہوئی ہے، ملزمان کے خلاف مقدمہ درج ہے، ابتدائی تفتیش کے دوران گرفتار ملزمان نے تھانہ شہزاد ٹاؤن کے علاقے میں متعدد وارداتیں کرنے کا انکشاف کیا ہے، ملزمان سے مزید تفتیش جاری ہے، اسلام آباد کیپیٹل پولیس شہریوں کی جان و مال کے تحفظ کیلئے تمام تر ممکنہ اقدامات اٹھا رہی ہے، کسی بھی جرائم پیشہ عناصر کو عوام الناس کے امن میں خلل ڈالنے کی اجازت نہیں دی جائے گی، شہریوں سے بھی گزارش ہے کہ وہ پولیس کے ساتھ تعاون کریں اور کسی بھی مشکوک چیز یا سرگرمی کے بارے میں اپنے متعلقہ تھانہ، "پکار— 15" یا" آئی سی ٹی ایپ 15" پر اطلاع کریں۔

# اسلام آباد پولیس کا گھر گھر جا کر ملازمین و کرایہ داروں کی رجسٹریشن کے لئے "Knock the door" مہم کا سلسلہ جاری



اسلام آباد کیپیٹل سٹی پولیس آفیسر کے خصوصی احکامات کی روشنی میں اسلام آباد کیپیٹل پولیس کا وفاقی دارلحکومت میں شہریوں کے جان و مال کے تحفظ کو یقینی بنانے کیلئے اہم اقدام اٹھاتے ہوئے گھر گھر جا کر ملازمین و کرایہ داروں کی رجسٹریشن کیلئے "Knock the door" مہم کا سلسلہ جاری ہے، اس مہم کے دوران اسلام آباد کیپیٹل پولیس کی مختلف ٹیمیں گلی محلوں میں جا کر کرایہ داروں اور گھریلو ملازمین کے کوائف کے اندراج کو یقینی بنا رہی ہیں، اس سلسلے میں انسداد دہشتگردی ڈیپارٹمنٹ اسلام آباد نے تھانہ بنی گالا اور تھانہ کھنہ کے علاقے میں 646 گھروں کے 309 گھریلو ملازمین کے کوائف کا اندراج مکمل کیا، اسلام آباد کیپیٹل سٹی پولیس آفیسر نے کہا کہ اس مہم کا مقصد وفاقی دارلحکومت اسلام آباد میں امن و امان کی فضاء کو برقرار رکھنا ہے تا کہ کسی بھی ناخوشگوار واقع سے بچا جا سکے، انہوں نے مزید کہا کہ کرایہ داروں اور گھریلو ملازمین کے کوائف کے اندراج سے نا صرف شر پسند عناصر پر کڑی نظر رکھی جا سکتی ہے بلکہ کسی بھی قسم کی مشکوک سرگرمی میں ملوث عناصر کو غیر قانونی سر گرمیوں سے روکا جا سکتا ہے، اندراج نہ کروانے کی صورت میں کوئی بھی شر پسند عناصر عام شہری کا روپ ڈھال کر چوری اور ڈکیتی جیسی سنگین وارداتوں میں ملوث ہو کر نقصان پہنچا سکتا ہے، اسلام آباد کیپیٹل پولیس اپنے تمام تر وسائل بروئے کار لاتے ہوئے وفاقی دارلحکومت کے شہریوں کو ایک محفوظ ترین ماحول فراہم کرنے کیلئے ہمہ وقت کوشاں ہے۔

**گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران اسلام آباد کیپیٹل پولیس کی موثر کارروائیاں جاری۔ اسلام آباد کیپیٹل پولیس نے گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران 12 پیشہ ور بھکاریوں سمیت 20 جرائم پیشہ عناصر کو گرفتار کرلیا، گرفتار ملزمان کے قبضہ سے منشیات اور اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد، ملزمان کیخلاف مختلف تھانہ جات میں مقدمات درج، مزید تفتیش جاری ہے۔**

اسلام آباد کیپیٹل پولیس کا ضلع بھر میں جرائم پیشہ عناصر کیخلاف بلاتفریق کارروائیوں کا سلسلہ جاری ہے، گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران اسلام آباد کیپیٹل پولیس نے مختلف قانونی کارروائیوں کے دوران 12 پیشہ ور بھکاریوں سمیت 20 جرائم پیشہ عناصر کی گرفتاری عمل لائی، تھانہ آبپارہ پولیس نے دو ملزمان فہیم اکرم اور عاقب مسیح کو گرفتار کر کے ان کے قبضہ سے تیس بور پستول اور چار بوتلیں شراب برآمد کرلی، تھانہ کھنہ پولیس نے دو ملزمان علی شرجیل اور رضوان نواز کو گرفتار کر کے ان کے قبضہ سے تیس بور پستول اور 328 گرام ہیروئن برآمد کرلی، تھانہ لوہی بھیر پولیس نے جنید عباس کو گرفتار کر کے اس کے قبضہ سے 515 گرام چرس برآمد کرلی، تھانہ پھلگراں پولیس نے ملزم علی رضا کو گرفتار کر کے اس کے قبضہ سے 210 گرام ہیروئن برآمد کرلی، تھانہ بہارہ کہو پولیس نے ملزم واصف عباسی کو گرفتار کر کے اس کے قبضہ سے 1060 گرام چرس برآمد کرلی، تھانہ نیلور پولیس نے غیر قانونی پٹرول فروخت کرنے پر ملزم خضر کو گرفتار کرلیا، گرفتار ملزمان کے خلاف مختلف تھانہ جات مقدمات درج کر کے مزید تفتیش شروع کر دی گئی، جبکہ پیشہ ور بھکاریوں کی گرفتاری کے لیے چلائی جانے والی خصوصی مہم کے دوران 12 پیشہ ور بھکاریوں کی گرفتاری عمل میں لائی گئی، اسلام آباد کیپیٹل پولیس منشیات و شراب فروشی جیسے گھناؤنے کاروبار میں ملوث عناصر کو ہر صورت قانون کے کٹہرے میں لائے گی، شہریوں کے تعاون سے اسلام آباد کیپیٹل پولیس شہر کو امن کا گہوارہ بنانے میں تمام تر وسائل بروئے کار لا رہی ہے، شہری کسی بھی مشکوک شخص یا سرگرمی کے متعلق اپنے متعلقہ تھانہ، ایمرجنسی ہیلپ لائن "پکار 15" یا " آئی سی ٹی 15" ایپ پر فوری اطلاع دیں۔



Tarjuman
# The Capital Police Islamabad
A publication of Public Relations Branch Islamabad Capital Police

Islamabad Police | MONDAY APRIL 01, 2024 | Islamabadpolice.gov.pk



## PUCAR -15

| | |
|---|---|
| Emergency Call | 3493 |
| Hoax Call | 3032 |
| Emergency Response | 222 |
| Minimum Response Time | 02 Min |
| Maximum Response Time | 26 Min |

## TRAFFIC

| | |
|---|---|
| Traffic Fine Ticket | 2430 |
| Major Violation | 1729 |
| Fatal Accident | ---- |
| Driving License | ---- |
| Learner Permit | ---- |

## CRIME

| | |
|---|---|
| Total Crime Registered | 53 |
| Accused Arrested | 43 |
| Challan Submitted in Court | 65 |
| Stop & Search | 2374 |
| P.O / C.O Arrested | 04 |

## TECHNOLOGY

| | |
|---|---|
| Tenant Registration | 54868 |
| Employee Registration | 52430 |
| Vehicle Verification | 20617 |
| Lost & Found Reports | 08 |
| General Verification | 94161 |

# Prevention of crime and protection of citizen lives and property utmost priority; CPO/ DIG Operations

The CPO/DIG Operations Islamabad Syed Shehzad Nadeem Bukhari has categorically directed all police officials to maintain high vigilance in the city to eradicate crimes and ensure an effective crackdown against criminals, a public relations officer said. He said that, CPO/ DIG Operations Islamabad chaired an important meeting regarding crime prevention. The meeting was attended by AIGs, SSPs, Zonal DPOs, SDPOs, and Officers In-Charge of all police stations. During the meeting, the performance of all police stations was reviewed, and officers were directed not to compromise on professionalism. They were given a two-day deadline to improve performance, and another meeting will be held afterwards where penalties will be imposed for any shortcomings. Dolphin Squad, mobile patrol vans, and checkposts under the supervision of SDPO's will be mobilized. Strict actions will be taken against bribery, misconduct, and mistreatment of citizens. Complaints regarding existing corruption will be addressed. A WhatsApp number has been provided for complaints about corruption, misconduct, and inappropriate behavior. Citizens' complaints will be directly addressed, and action will be taken. Overstepping authority will not be tolerated. Protection of citizens' lives, property, and dignity is paramount. All Officers in-charge police stations will remain present in their police stations. A weekly crime assessment meeting will be held, and penalties will be imposed for any negligence. It was further stated that stringent actions will be taken against kite flying, aerial firing, one-wheeling, and those involved in motorbike thefts. Organized and effective strategies will be implemented to combat crime and apprehend criminals. Associates and facilitators of criminals will also be arrested. Ensure the swift arrest and prosecution of those involved in motorcycle theft cases. Measures will be taken to curb drug trafficking, especially within educational institutions, and comprehensive operational strategies will be developed to combat crime. Officials were directed to arrest the professional beggars and their accomplices and prosecute them. Expedite the process of filing challans in cases under investigation and expedite their submission to the relevant courts. All officers should set an example with their discipline. All SDPOs were instructed to make patrolling more effective and purposeful. The protection of citizens' lives and property is our top priority, and there will be no tolerance for any negligence, he maintained.






# Islamabad Capital Police Dolphin Squad playing vital role in eradicating crime

The Islamabad capital police Dolphin is playing a vital role in crime prevention from the city, during the last 24 hours, the Dolphin checked a total of 2,374 suspicious persons, motorcycles and vehicles, a public relations officer said. He said that, following the special directions of the Islamabad Capital City Police Officer (ICCPO), the Islamabad Capital Police Dolphin Squad is working under a safe city Islamabad centralized system, which is deployed in different areas of the city for patrolling and crime prevention. During the last 24 hours, the Dolphin Squad Islamabad checked 643 pedestrians, 1731 motorcycles during the special and snap checking, out of which 10 suspicious individuals and 59 motorcycles were shifted to various police stations for verification purposes. Islamabad Capital Police Dolphin Squad also ensured the arrest of the numerous accused involved in different criminal activities. The Islamabad capital police are taking all out efforts to curb the crime from the city. “Safety and security of the citizens is our prime responsibility and no stone would be unturned to save the lives and property of the citizens”.

# Islamabad Capital Police host farewell for outgoing (SP) Chaudhary Abid Hussain





Islamabad Capital police hosted farewell for the outgoing Superintendent of Police (SP) Islamabad Chaudhary Abid Hussain who retired from his services after serving the force, a public relations officer said. He said that the farewell ceremony was attended by CPO Safe City/ Traffic Shoaib Khurram Janbaz and Chief Traffic Officer Islamabad Sarfraz Virk as chief guest, while senior police officers and officials were also present on the occasion. The CPO Safe City/ Traffic conveyed good wishes to the retiring SP and said that retirement is part of the service as the one who joins the service has to retire one day. He asked the serving police officials to do their best to earn respect for the department. He was of the view that public service could earn a good name for the officials and the department. He recognized the services rendered by Chaudhary Abid Hussain and added that the department in return gave him respect and honor. He presented a police shield and flower bouquet to SP Chaudhary Abid Hussain and also expressed best wishes for his future endeavors. SP Chaudhary Abid Hussain joined Islamabad Capital Police as a probationer ASI and served on various posts. Recently he was working as SP Traffic where he served till retirement.

# CPO/DIG Operations pays surprise visit to CIA, Investigation Wing and Khanna Police Station









The CPO/ DIG (Operations), Syed Shehzad Nadeem Bukhari paid a surprise visit to CIA, Investigation Wing and Khanna police station, a public relations officer said. During the visit, CPO/DIG Operations suspended officer in-charge police station Khanna for poor performance, reviewed the performance of CIA and investigation wing and checked the records, roznamcha, front desk, record room, lockup, investigation officers' rooms and residential barracks, he added. He said that inappropriate behavior toward citizens will not be tolerated under any circumstances. He directed the police officials to utilize all available resources for the facilitation of citizens. Effective steps should be taken immediately for the prevention of serious crimes, apprehension of accused and recovery of stolen goods and efforts should be accelerated for the prevention of car theft and the recovery of stolen vehicles. He further said that no effort will be spared in providing relief to the citizens, the best and professional officers will be appointed in the investigation wing, the protection of life and property of the citizens is among the top priorities of the Islamabad Capital, he maintained.

## Over 2,63,461 e-challan tickets issued through safe city cameras

Islamabad Capital Police safe city e-challan system has issued over 2,63,461 fine tickets to motorists over various traffic rules violations in federal capital Islamabad through safe city cameras so far, a public relations officer said. He said that, following the special directions of Islamabad Capital City Police Officer (ICCPO), the Islamabad Capital Police is utilizing all available resources and taking strict measures against the traffic rules violators according to law. According to the details, the Islamabad Capital Police have issued 84 e-challan tickets during the last 24 hours and a total of 2,63,461 e-challan tickets to motorists have been issued over various traffic rules violations so far. E-challan tickets were delivered to the violators at their home address. A copy of challan was attached with the master file of the vehicles at the excise office over non-payment of penalty amount within the given time, he added. The car owners who were subjected to a fine could not sell or transfer their vehicle until the clearance of dues. The fine amount could be paid through different banks, mobile accounts and other digital means. There was a significant decline observed in the number of road mishaps and traffic violations in the federal capital after introducing this new challan system. The move was aimed at getting residents of the capital to abide by traffic laws even in the absence of traffic officers with the use of modern technology.



# Two wanted members of bike lifter gang held; four stolen motorbikes recovered




Islamabad Capital Police Shahzad town police teams arrested two wanted members of a motorbike lifter gang involved in numerous bike lifting activities and recovered four stolen motorbikes and spare parts from their possession, a public relations officer said. He said that, the Islamabad Capital Police has intensified crackdown against the criminal elements in order to eliminate the crime from the city. The Shahzad Town police team used technical and human resources and succeeded in apprehending two wanted members of a motorbike lifter gang involved in numerous criminal activities. The accused were identified as Abdul Jabber and Amjad. Police team also recovered four stolen motorbikes and spare parts from their possession. Cases were registered against the nabbed accused and further investigation is underway. Citizens are urged to cooperate with the police and report any suspicious individuals or activities through the emergency helpline "Pucar-15" or via "ICT-15" mobile application.

# 20 outlaws arrested; drugs and weapons recovered

Islamabad Capital Police apprehended 20 outlaws including 12 professional beggars from different areas of the city during the last 24 hours and recovered drugs and weapons from their possession, a public relations officer said. He said that, the Islamabad Capital Police has intensified crackdown against the criminal elements in order to eliminate the crime from the city. Following these directions, the Aabpara police team arrested two accused namely Faheem Akram and Aqib Masih and recovered four bottles of liquor and one 30 bore pistol from their possession. The Khanna police team arrested two accused namely Ali Sharjeel and Rizwan Nawaz and recovered 328 gram heroin and one 30 bore pistol from their possession. Similarly, the Phulgran police team arrested an accused namely Ali Raza and recovered 210 gram heroin from his possession. The Bhara Kahu police team arrested an accused namely Wasif and recovered 1060 gram hashish from his possession. Moreover, the Nilore police team arrested an accused namely Khizer involved in illegally selling petrol. Cases have been registered against the nabbed accused and further investigation is underway. During the crackdown against professional beggars, the Islamabad Capital Police teams arrested 12 professional beggars and registered cases against them under the beggars act. Senior police officers directed the police officials to "Safety of the citizens is our foremost priority and no laxity will be tolerated in this regard.

# Pucar-15 helpline received 3,493 irrelevant calls during the last 24 hours

Islamabad capital police emergency helpline "Pucar-15" received 3,493 phone calls during the last 24 hours and provided immediate assistance on various help seeking calls including police, fire brigade, ambulance and other services, a public relations officer said. He said that 3,493 calls were received at the emergency helpline "Pucar-15" out of which 3,032 calls were hoax and irrelevant to police which make up 86% of all calls. The Islamabad Capital City Police Officer (ICCPO) took notice of hoax calls on the police emergency helpline and directed the senior officers to take stern legal action against those involved in such activities. "If anyone tries to waste the time of the police by making fake calls or passing derogatory remarks to the personnel will be dealt with iron hands," he maintained. The Islamabad Capital City Police Officer (ICCPO) urged the masses to approach police only in emergency situations as some genuine cases needing police attention may be neglected because of the time consumed by hoax calls.

# Social Media Corner Islamabad Police







